بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 339 | صفحات : 08 | ۱۱دسمبر ۲۰۲۵بروز جمعرات بمطابق ۱۹جمادی الثانی ۱۴۴۷ | Thursday 11th December 2025 | جلد نمبر 57




### میسی کے نام ایک اور بڑا اعزاز

میسی نے لگاتار دوسرا ایم ایل ایس ایم وی پی (انتہائی قیمتی کھلاڑی) ایوارڈ جیت لیا ہے، جس کے ساتھ ہی انہوں نے ایک ایسے سال کا اختتام کیا جس میں انہوں نے انٹر میامی کو اس کا پہلا ایم ایل ایس کپ خطاب جیتنے میں مدد دی۔ میسی کو کل ووٹوں کا ۷۰۔۴۳ فیصد حصہ ملا، جس میں میڈیا، کھلاڑیوں اور کلب کے تکنیکی عملے کے ووٹ شامل تھے۔(تفصیلات اندر)



### ہارِدک اور بُمراہ کے منفرد ریکارڈز

کٹک میں کھیلے گئے پہلے ٹی-۲۰ میچ میں ہندوستان نے جنوبی افریقہ کو ۱۰۱ رنز سے شکست دے دی۔ اس بڑی جیت کے ساتھ یہ میچ ہارِک پانڈیا اور جسپریت بمراہ کے لیے بھی یادگار رہا۔ ہندوستان نے ۲۰ اوورز میں ۱۷۵ رنز بنائے، جس میں ہارِدک پانڈیا کی نصف سنچری اہم رہی، جبکہ جواب میں جنوبی افریقہ کی ٹیم صرف ۷۴ رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔(تفصیلات اندر)






# SIR کا مقصد انتخابی فہرستوں کو شفاف بنانا ہے/ امیت شاہ

## لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث کے دوران اپوزیشن پر ''جھوٹ پھیلانے'' کا الزام

سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے بدھ کے روز لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث کے دوران اپوزیشن پر ''جھوٹ پھیلانے'' کا الزام عائد کرتے ہوئے اسپیشل انٹینسیو ریویژن (ایس آئی آر) کا بھرپور دفاع کیا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ''کیا کسی ملک کی جمہوریت محفوظ رہ سکتی ہے جب وزیرِاعظم اور وزیرِاعلیٰ کا فیصلہ گھسپیٹھیے کریں؟'' امیت شاہ نے کہا کہ اپوزیشن ایس آئی آر کے معاملے پر عوام کو گمراہ کر رہی ہے اور گزشتہ چار ماہ سے یکطرفہ طور پر غلط بیانی پھیلائی جا رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایس آئی آر کا مقصد صرف انتخابی فہرستوں کو شفاف بنانا ہے، جس میں فوت شدہ افراد کے نام نکالے جاتے ہیں، 18 سال کے ہونے والے نئے ووٹر شامل کیے جاتے ہیں، اور غیر ملکیوں کے نام ایک ایک کر کے حذف کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے تاریخی پس منظر دیتے ہوئے کہا کہ ایس آئی آر کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ ''پہلی بار 1952 میں یہ عمل اس وقت ہوا جب جواہر لال نہرو وزیرِاعظم تھے۔ پھر 1957 اور 1961 میں بھی یہی ہوا۔ بعد میں یہ عمل لال بہادر شاستری، اندرا گاندھی، راجیو گاندھی، نرسمہا راؤ اور 2002 میں اٹل بہاری واجپائی کی/1






### شمالی کمان کے سربراہ کا دورہ کشتواڑ

## انسداد دہشت گردی گرڈ کا جائزہ

جموں/ یو این آئی/ فوج کی شمالی کمان کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے کشتواڑ کا دورہ کیا وہاں انسداد دہشت گردی گرڈ کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس دوران خطے میں تعینات جموں وکشمیر پولیس، سی آر پی ایف، آئی بی اور فوجی جوانوں کے ساتھ بات چیت کی۔ ایک دفاعی ترجمان نے بتایا کہ فوجی سربراہ نے اس بات پر زور دیا کہ سیکورٹی کے ماحول میں، ابھرتے ہوئے خطرات کا مقابلہ متحد ڈھانچے کی طاقت،/4

# ٹیکنالوجی پر مبنی تعلیم سب تک پہنچے/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا

## کہا کہ مصنوعی ذہانت (AI) کلاس روم کو بالکل بدل کر رکھ دے گی

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے بدھ کے روز سکولوں اور تعلیمی اِداروں پر زور دیا کہ ان کا ایک ہی مقصد 'مستقبل کے چیلنجوں کے لئے منفرد اَفراد تیار کرنا' ہونا چاہیے۔ اُنہوں نے کہا، ''دُنیا جدید ترین ٹیکنالوجیوں کے زیر اثر تیزی سے بدل رہی ہے اور سکولوں کو چاہیے کہ وہ نئی اِختراعی ٹیکنالوجیو کو اِستعمال میں لاتے ہوئے طالب علموں کی تخلیقی صلاحیت، تجسس، تنقیدی سوچ اور مسئلے حل کرنے کی مہارتوں کو فروغ دیں۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے اِن باتوں کا اِظہار آج ابھینو تھیٹر جموں میں لارنس پبلک سکول کی چالیسویں سالانہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اُنہوں نے اَپنے خطاب میں لارنس پبلک سکول کی شاندار روایات، دیرپا اَقدار، ہمہ جہتی تعلیم اور جدید دور کے قائدین کی تیاری میں اس کے کردار کو سراہا۔ اُنہوں نے کہا کہ سکول نے اَپنی بنیادی اقدار کو برقرار رکھتے ہوئے ایسے کامیاب سابق طلباً تیار کئے ہیں جو آج فخر کے ساتھ ملک کی خدمت کر رہے ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ تنقیدی سوچ اور تجسس طالب علموں کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ اُنہوں نے اَساتذہ اور والدین پر زور دیا کہ وہ بچوں کو ان کی دلچسپی، جذبے اور صلاحیتوں کی بنیاد پر پڑھنے کی اِجازت دیں تا کہ وہ بغیر کسی دباؤ کے اَپنی/5



### سوپور میں چوری کا معاملہ حل

## ملزم گرفتار، مال مسروقہ برآمد/ پولیس

سرینگر/ یو این آئی/ سماجی جرائم کے خلاف کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے سوپور پولیس نے چوری کے ایک معاملے کو 24 گھنٹوں کے اندر ہی حل کر کے ملزم کو گرفتار کیا ہے اور مسروقہ مال برآمد کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس اسٹیشن سوپور کو سید صلاح الدین، منیجر شیڈو فیکس لاجسٹکس اشپیر سوپور کی طرف سے موبائل فونوں کی چوری کے متعلق ایک شکایت موصول ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں ایک ایف آئی آر زیر نمبر 272/2025 کے تحت ایک مقدمہ درج کیا گیا/2

### ایک پٹواری اور تین باقی ملزموں کے خلاف چارج شیٹ داخل

## زمین کی خرید وفروخت میں جعلسازی اور مجرمانہ سازش کا الزام

سرینگر/ جے کے این ایس/ مالیاتی لین دین اور زمین کی سودی بازی میں جعلسازی کے معاملات کو بے نقاب کرنے کی کارروائی جاری رکھتے ہوئے کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم ونگ (EOW) نے درج ایف آئی آر نمبر 18/ 2025 تحت آئی پی سی کی دفعہ 201,471,468,467,420 اور B-120 کے تحت چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سری نگر کی عدالت 4 ملزمان کیخلاف چارج شیٹ پیش کی۔ چارج شیٹ شبیر احمد گنائی، بشیر احمد گنائی، جاوید احمد حقاک (اس وقت کے پٹھواری) اور ایک متوفی پٹواری کے خلاف دائر کی گئی ہے، جن کے مبینہ طور پر بے قصور خریداروں کو دھوکہ دینے کے لیے زمین کے جعلی دستاویزات تیار کرنے اور استعمال کرنے میں ان کے مبینہ کردار پر ہے۔ کرائم برانچ کشمیر کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق یہ مقدمہ متعدد متاثرین کی مشترکہ شکایت سے شروع ہوا جنہوں نے دلالوں کے ذریعے 8 کنال زمین خریدی تھی۔ اس میں سے 4 کنال ایک شکایت کنندہ کے نام خسرہ نمبر 92، 2 کنال دوسرے کے نام خسرہ نمبر 99 اور باقی 2 کنال تیسرے شکایت کنندہ کے والد کے نام پر منتقل/3

### شالٹینگ میں دو کروڑ روپے مالیت کی رہائش گاہ اور زمین ضبط

## مکان کو فروخت کرنے یا لیز پر دینے پر پابندی لگادی گئی

سرینگر/ کے این ایس/ پولیس نے نارکوٹک ڈرگس اینڈ سائیکو ٹراپک سبسٹینس (NDPS) ایکٹ کی دفعات کے تحت ایک تین منزلہ رہائشی مکان کے ساتھ 1 کنال اراضی کو منسلک کیا ہے، جس کی قیمت تقریباً 2 کروڑ روپے ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق یہ جائیداد فیاض احمد بٹ ولد غلام محمد بٹ ساکنہ شالٹنگ کے قبضے میں ہے جو کہ بدنام زمانہ منشیات فروش منظور احمد بٹ آف شالٹنگ کے والد ہیں۔ ملزم شخص ایف آئی آر نمبر 98/2025 دفعہ 8/29, 22 NDPS ایکٹ کے تحت تھانہ پاریمپورہ میں ملوث تھا۔ تفتیش کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ مذکورہ جائیداد منشیات کی اسمگلنگ سے غیر قانونی طور پر حاصل کی گئی تھی۔ اٹیچمنٹ کی کارروائی قانونی پروٹوکول کی مکمل پابندی کے ساتھ ایگزیکٹو مجسٹریٹ اور آزاد گواہوں کی موجودگی میں کی گئی۔ اٹیچمنٹ آرڈر کے مطابق، مالک کو مذکورہ پراپرٹی کو بیچنے، لیز پر دینے، ترمیم کرنے یا کسی تیسرے فریق کی دلچسپی پیدا کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

### اپنی بہو کے خلاف بار بار بے بنیاد مقدمات دائر کرنے پر

## عدالت نے حکم دیا کہ درخواست گذار سے 2لاکھ روپے جرمانہ وصول کیا جائے

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر ولداخ ہائیکورٹ نے 82 سالہ عبدالغنی بٹ کی ایک اور درخواست خارج کرتے ہوئے ان پر 2لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا ہے۔ عدالت نے کہا کہ بٹ سالوں سے عدالت کا وقت ضائع کر رہے ہیں اور ججوں، عدالت کے ملازمین اور اپنی بہو کے خلاف بار بار بے بنیاد مقدمات دائر کر رہے ہیں۔ جسٹس ونود چٹرجی کول نے اپنے فیصلے میں کہا کہ بٹ بار بار ایک ہی قسم کے الزامات کے تحت نئی عرضیاں دائر کرتے ہیں اور عدالتی عمل کا غلط استعمال ان کی عادت بن چکا ہے۔ عدالت کے مطابق بٹ نے اپنی نئی درخواست میں بھی اپنی بہو کے خلاف نامناسب اور قابل اعتراض زبان استعمال کی تھی، جسے ریکارڈ سے حذف کرنے کا حکم دیا گیا۔ موجودہ کیس میں درخواست گزار نے پاور آف اٹارنی کے ذریعے اپنے بیٹے کی طرف سے کارروائی کرتے ہوئے اپنی بہو کے خلاف فوجداری کارروائی مانگی تھی اور کئی ماتحت ججوں کے خلاف بھی کارروائی کی درخواست دی تھی۔ عدالت نے کہا کہ یہ مطالبات قانونی طور پر غلط/8

### اونتی پورہ پلوامہ میں ایک ہزار بستروں پر مشتمل AIIMS لگ بھگ تیار

## اگلے سال کے شروع ہونے کے کچھ ہی عرصہ بعد چالو ہوگا/ وزیر صحت

سرینگر/ جے کے این ایس/ وزیر صحت وطبی تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ کے اونتی پورہ علاقے میں آل انڈیا انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (AIIMS) کی تعمیر تیزی کیساتھ جاری ہے، جو مستقبل میں صحت اور طبی تعلیم کا ایک بڑا مرکز بننے جا رہا ہے۔ جدید سہولیات سے لیس AIIMS اونتی پورہ 1000 بستروں پر مشتمل ہوگا، جبکہ اس کیساتھ میڈیکل کالج، نرسنگ کالج اور متعدد خصوصی/6


# انتقال پُر ملال

انتہائی افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ حاجی غلام احمد شال ساکن زینہ کدل گرگاڑی محلّہ، حالِ بُٹھ پُورہ، اس فانی دنیا سے رخصت ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ان کی قبر کو نور سے منور کرے اور اہلِ خانہ کو یہ صدمہ صبر وحوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین فاتحہ خوانی بروز جمعہ، 12 دسمبر 2025 دوپہر 2:30 بجے آبائی مقبرہ بڈ شاہ ٹانب، مہاراج گنج، زینہ کدل میں ادا کی جائے گی۔ بعدازاں تعزیتی مجلس گلبرگہ کالونی، بُٹھہ پُورہ میں منعقد ہوگی۔

**تعزیت داراں :**

مشتاق احمد شال، طارق احمد شال، غلام جیلانی شال، ظہور احمد شال، فیاض احمد شال، روف احمد شاہ
(گولڈ گیلری) (جے کے سٹیل سائیڈ) 9797221102 9596208566


### برطانیہ میں ڈاکٹروں اور مریضوں کو ماسک پہننے کی ہدایات

## ''سپر فلو'' وبا بن کر پھیل رہا ہے، سکول بند ہونے کا امکان

لندن/ یو این آئی/ برطانیہ میں 'سپر فلو' کی وباء پھیلنے کے سبب حکومت نے وباء پر قابو نہ پانے کی صورت میں اسکولوں کی بندش پر غور شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق برطانیہ میں نزلہ وزکام کی وباء نے شہریوں کو اپنی زد میں لے لیا ہے۔ کئی اسپتالوں نے اسٹاف، مریضوں اور وزیٹرز کے لیے ماسک پہننا لازمی قرار دے دیا ہے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ وباء قابو نہ آنے کی صورت میں اسکولوں کو بند کرنے پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ این ایچ ایس نے بتایا کہ گزشتہ دو ہفتوں میں نزلہ وزکام کے مریضوں کی تعداد دوگنا ہوگئی ہے۔ میڈیکل اسٹورز کے مطابق فیس ماسک، ہینڈ سینٹائزرز اور نزلہ وزکام کی ادویات کی فروخت میں اچانک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

# تیسری میعاد میں سب سے اہم مسئلہ اصلاحات ایکسپریس/ مودی

## وزیراعظم کا نئی دہلی میں حکمران اتحاد NDA پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ سے خطاب

سرینگر/ یہ واضح پیغام دیتے ہوئے کہ لوگوں کی زندگیوں کو آسان بنانا ان کی حکومت کی تیسری میعاد میں ترجیح ہے، وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کوئی بھی قانون کسی بھی شہری پر بوجھ نہیں ہونا چاہئے، اور اصول وضوابط ہمیشہ لوگوں کی سہولت کے لئے ہونے چاہئیں۔ جے کے این ایس مانیٹرنگ ڈیسک کے مطابق نئی دہلی میں حکمران اتحاد NDA پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے یہ بھی کہا کہ ملک اب ایک مکمل اصلاحات ایکسپریس کے مرحلے میں ہے، جہاں اصلاحات تیزی سے اور واضح ارادے کے ساتھ ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اصلاحات مکمل طور پر شہریوں پر مرکوز ہیں نہ کہ صرف معاشی یا آمدنی پر مرکوز ہیں۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ اس کا مقصد لوگوں کی روزمرہ کی رکاوٹوں کو دور کرنا ہے تاکہ وہ اپنی پوری صلاحیت کے مطابق ترقی کر سکیں۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو بریفنگ دیتے ہوئے، جس میں این ڈی اے کے تمام ممبران پارلیمنٹ نے شرکت کی، مرکزی پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا کہ وزیراعظم مودی نے قانون سازوں کے لیے بہت اچھی ہدایات دیں اور بتایا کہ ان کی حکومت کی تیسری میعاد میں سب سے اہم مسئلہ اصلاحات ایکسپریس ہے۔ وزیر کرن رججو نے کہا کہ میں اس بات پر زور دینا چاہتا ہوں کہ نریندر مودی حکومت/10



# وادی میں برف صاف کرنے والی 45 مشینیں تیار حالت میں رکھی گئی ہیں

## برف باری کی وجہ سے پیدا ہونے والی کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے فعال منصوبہ بندی

سرینگر/ سرینگر ضلع میں 45 برف صاف کرنے والی مشینیں ہیں جنہیں مکینیکل انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ (ایم ای ڈی) کے دائرہ اختیار میں 1634 کلومیٹر سڑک کی لمبائی پر مشتمل 35 راستوں پر برف صاف کرنے کے لیے تیار حالت میں رکھا گیا ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق یہ بات عہدیداروں نے ڈپٹی کمشنر سری نگر اکشے لابرو کو بتائی جنہوں نے شہر بھر میں برف صاف کرنے کے انتظامات کا سائٹ پر ایک وسیع جائزہ لیا۔ ان کے ساتھ کمشنر سری نگر میونسپل کارپوریشن (ایس ایم سی) فاضل حسیب بھی تھے۔ اس دورے کا مقصد مردوں اور مشینری کی زمینی تیاری، کنٹرول روم کے آپریشن اور موسم سرما میں ردعمل کی مجموعی تیاریوں کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران چیف انجینئر مکینیکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ بود راج؛ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میر امتیاز العزیز۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عادل فرید۔ جوائنٹ کمشنر ایس ایم سی نزہت خورشید، جوائنٹ کمشنر ایس ایم سی سید ابوالقاسم۔ چیف پلاننگ آفیسر فیاض احمد ڈار، ایس ڈی ایم ویسٹ عرفان بہادر، آر اینڈ بی، ایم ای ڈی، ایس ایم سی کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور دیگر افسران ڈی سی اور کمشنر/9



